نوٹس

کمپیوٹر سائنس

6th کلاس

NEW EDITON 2025

گورنمنٹ ہائی سکول سواوئ بونیر

Prepared by:

IQBAL AHMAD SST-IT

مختصر جوابات دیں۔

سوال1: ICTکی تعریف کریں

جواب: ICT سے مراد وہ تمام آلات ہیں جنہیں ہم رابطے اور پیغام رسانی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً موبائل فون، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ۔

سوال2: مثال کے ساتھ ڈیٹا اور معلومات میں فرق واضح کریں۔

جواب: بے ترتیب حقائق اور اعداد و شمار ڈیٹا کہلاتا ہے اور جب اسے پراسس کر کے ترتیب دیا جائے پھر یہ معلومات یا انفارمیشن کہلاتے ہیں۔

مثال: طلباء کے نام اور پیپر کے نمبرز کمپیوٹر میں ڈیٹا کے طور پر داخل کیے جاتے ہیں۔ کمپیوٹر پراسس کے بعد ہمیں طالب علم کا رزلٹ دکھاتا ہے جو کہ انفارمیشن ہے۔

سوال3: صنعتوں میں ICTکا استعمال لکھیں۔

جواب: صنعتوں یعنی کارخانوں اور فیکٹریوں میں مختلف ICT آلات اور روبوٹ مشینیں مختلف اشیاء کی تیاری، پیکنگ اور خلائی تحقیق کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔

سوال4: مثال کے ساتھ سسٹم سافٹ ویئر اور ایپلیکیشن سافٹ ویئر کا موازنہ کریں۔

جواب: سافٹ ویئر ہدایات کا مجموعہ ہے جو کمپیوٹر کو بتاتا ہے کہ کیا کرنا ہے اور کیسے کرنا ہے۔

سسٹم سافٹ ویئر: وہ سافٹ ویئر کو تمام تر کمپیوٹر ہارڈ ویئر کو کنٹرول کرتا ہے اس کے بغیر کمپیوٹر کچھ کام کا نہیں۔ مثال: مائیکروسافٹ ونڈوز۔

ایپلیکیشن سافٹ ویئر: وہ سافٹ ویئر کو کسی خاص کام کو کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہو۔ مثلا گیم یا تصویر بنانے کے لئے مائیکروسافٹ پینٹ۔

سوال 5: ان پٹ اور آوٹ پٹ آلات میں فرق کریں۔

جواب: کمپیوٹر میں ڈیٹا داخل کرنے کے لئے ان پٹ آلات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلا کی بورڈ، ماوس یا کیمرا۔

آوٹ پٹ آلات کے ذریعے کمپیوٹر سے پراسس شدہ ڈیٹا یوزر کو دکھائی دیتا ہے۔ مثلا مانیٹر سکرین، پرنٹر یا ملٹی میڈیا پراجیکٹر۔

سوال 8: درج ذیل آلات کے افعال لکھیں۔

پرنٹر: پرنٹر کے ذریعے کمپیوٹر میں موجود فایل یا تصویر کو کاغذ پر پرنٹ کیا جاتا ہے۔

بائیو میٹرک ڈیوائس: بائیو میٹرک ڈیوائس انسانی جسم کے کسی عضو مثلاً فنگر یا آنکھ سے ڈیٹا لے کر شناخت میں مدد کرتا ہے۔

ڈیجیٹل کیمرا: ڈیجیٹل کیمرے کے ذریعے ویڈیو اور تصاویر کمپیوٹر کو دیے جاتے ہیں۔

سمارٹ فون: سمارٹ فون ایک موبائل کمپیوٹنگ ڈیوائس ہے جو کہ کال، میسج، آنلائن بات چیت، انٹرنیٹ، کلینڈر اور گیمز جیسے مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

سپیکر: کمپیوٹر سے آواز اوٹ پٹ کے لیے سپیکر کا استعمال کیا جاتا ہے۔

راؤٹر: راؤٹر ایک ذہین نیٹ ورکنگ آلہ ہے جو ڈیٹا کو مناسب راستے پر بھیجتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مختصر جواب دیں۔

1. **آپریٹنگ سسٹم کی وضاحت کریں۔ آپریٹنگ سسٹم کی مختلف مثالیں درج کریں۔**

جواب: آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر کا ایک اہم سافٹ ویئر ہے اس کے بغیر کمپیوٹر کچھ کام کا نہیں۔ یہ یوزور اور ہارڈ ویئر کے درمیان ایک رابطہ ہے۔ تمام کام اس کے ذمے ہوتے ہیں۔ اس کی مختلف مثالیں یہ ہیں: مائیکروسافٹ ونڈوز، MS-DOS، MAC OS، کروم اور اینڈرائیڈ وغیرہ۔

2. **یوٹیلیٹی پروگرام کیا ہے، دو مثالیں دیں۔**

جواب: یوٹیلیٹی پروگرام آپریٹنگ سسٹم کے ساتھ مل کر کچھ مخصوص کام سر انجام دیتے ہیں جیسا کہ فائلوں کو ترتیب دینا، پاسورڈ حفاظت اور وائرس سے حفاظت وغیرہ۔ اس کی مثالیں: فائل مینیجر۔ اینٹی وائرس

3. **فائل اور فولڈر کے درمیان فرق کریں۔**

جواب: فائل: کمپیوٹر پر محفوظ شدہ ڈیٹا کے مجموعے کو فائل کہتے ہیں۔ جیسا کہ تصویر، ویڈیو، آڈیو یا ڈاکومنٹ وغیرہ۔

فولڈر: فولڈر کو ڈائرکٹری بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے اندر فائلز کو ترتیب میں رکھا جاتا ہے۔

4. ڈیسک ٹاپ پر Microsoft word ایپلیکیشن کا شارٹ کٹ بنانے کے لئے اقدامات لکھیں۔

جواب Microsoft word : کو سرچ کریں۔ پھر اس پر رائیٹ کلک کریں اور open file location پر کلک کریں۔ پھر اس کے آئیکن پر رائیٹ کلک کریں اور مینیو میں سے Send to > Desktop پر کلک کریں۔ شارٹ کٹ بن جائے گا۔

5. ڈیلیٹ شدہ فائل کو بحال کرنے کے اقدامات لکھیں۔

جواب: ریسائیکل بن پر ڈبل کلک کریں۔ اس فائل پر رائیٹ کریں جسے بحال کرنا ہے۔ مینیو میں سے Restore پر کلک کریں۔ فائل اپنی مقام پر واپس چلا جائے گا۔

6. ایپلیکیشن سافٹ ویئر کی وضاحت کریں، اور تین قسم کے ایپلیکیشن سافٹ ویئر کی فہرست بنائیں۔

جواب:1 ایپلیکیشن سافٹ ویئر وہ سافٹ ویئر ہے جو کسی خاص کام کے لیے بنائی گئی ہو۔ مثلا

1(ڈرائنگ بنانے کے لیے Paint ۔2)ڈاکومنٹ بنانے کے لیے MS Word 3) اور حساب کے لئےMS EXCEL

7. فولڈر بنانے کے مراحل لکھیں۔

جواب: ڈیسک ٹاپ یا کسی بھی جگہ پر نیا فولڈر بنانے کے رائیٹ کلک کریں، پھر مینو میں سے NEW پر کلک کریں اور پھر FOLDER پر کلک کریں، فولڈر کا نام ٹائیپ کریں اور انٹر کا بٹن دبائیں۔

8. PAINT 3D میں دستیاب 5 برش ٹولز کی فہرست بنائیں۔

جواب: پینٹ تھری ڈی میں 5 برش کے نام یہ ہیں:

MARKER,

CALIGRAPHY PEN

, OIL BRUSH ,

WATER COLOR,

PIXEL PEN

9. CROPٹول کا مقصد لکھیں۔

جواب: کراپ ٹول کے ذریعے ہم تصویر کے سائیڈز سے ناپسندیدہ حصے کو مٹا سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مختصر جواب دیں۔

1۔درج ذیل مسائل کو حل کرنے کے لیے الگورتھم لکھیں.

i. چائے کا کپ بنانا۔

چائے کا کپ بنانے کے لئے الگورتھم:

کیتلی میں پانی ڈالیں۔

کیتلی کو چولہے پر رکھیں۔

آگ جلائیں۔

چائے کے پتے ڈالیں۔

چینی ڈالیں۔

دودھ ڈالیں۔

چائے کو ابال دیں۔

چائے تیار ہے۔

ii. سکول جانا۔

یونیفارم پہنیں۔

بستے میں کتابیں رکھیں۔

شوز پہنیں۔

سکول کے لئے روانہ ہو جائیں۔

iii. مستطیل کا رقبہ معلوم کرنا:

مستطیل کی لمبائی لیں۔

مستطیل کی چوڑائی لیں۔

دونوں کو ضرب کریں۔

حاصل ضرب مستطیل کا رقبہ ہے۔

سوال2: ممکنہ حل اور مثالی حل کے درمیان فرق بیان کریں۔

جواب: ممکنہ حل کسی بھی مسئلے کے حل کے لئے موجود تمام طریقے ہیں۔ جبکہ مثالی حل وہ طریقہ ہے جس میں مناسب وقت لگے اور نقصان بھی کم سے کم ہو۔

3۔اپنے مشروط بیانات تیار کریں۔

جواب :

I. اگر نمبرز 33 سے زیادہ ہو تو پیپر پاس ہو گا۔

II. کل اتوار نہ ہو تو میں سکول جاونگا۔

4۔ حقیقی دنیا سے تکرار کے دو مثالیں لکھیں۔

جواب :

I. روزانہ پنج وقتہ نماز پڑھنا۔

II. روزانہ سکول جانا۔

III. روزانہ دانتوں میں برش کرنا۔

1۔ پروگرامنگ Language کیا ہے؟ چند پروگرامنگ Languages کی فہرست بنائیں۔

جواب: پروگرامنگ لینگویج سے مراد وہ زبان ہے جس میں ہم کمپیوٹر کو ہدایات دیتے ہیں۔ چند پروگرامنگ لینگویج کے نام یہ ہیں :

Java . HTML . C++ . python

☆☆☆☆☆

سوال 1۔ سائبر کرائم کی تعریف کریں۔

جواب: ہر وہ جرم جس میں کمپیوٹر موبائل اور انٹرنیٹ کا استعمال کیا جائے اسے سائبر کرائم کہا جاتا ہے۔

سوال 3۔ معلومات کی رازداری سے کیا مراد ہے؟

جواب: اپنی ذاتی معلومات مثلاً اپنا نام، موبایل نمبر، شناختی کارڈ نمبر، گھر کا پتہ یا بینک اکاونٹ نمبر کسی بھی اجنبی شخص کو مت بتایئں۔ اپنے ذاتی ڈیٹا خفیہ رکھیں۔ اگر آپ کسی کو نہیں جانتے تو ان کو جواب نہ دیں۔

Student Name:

_____ID:_____